USMAN PUBLIC SCHOOL SYSTEM
UPSS
Shaping the leaders of Ummah

عثمان پبلک اسکول سسٹم

معمارِ حرم باز بہ تعمیرِ جہاں خیز

# تربیہ

— پندرہ روزہ —

16 اکتوبر تا 31 اکتوبر
2022






A fortnightly e-Mag for lifelong learning & holistic development | 16 اکتوبر تا 31 اکتوبر 2022 | ربیع الاول 1444ھ

# بچوں کو دیانت داری سکھائیں

السلام علیکم

محترم والدین

عثمان پبلک اسکول میں ہم ہر ماہ کسی ایک تھیم کے تحت طلبہ کو اخلاقی اصولوں کو بتانے اور سکھانے کی کوشش کرتے ہیں اور توقع رکھتے ہیں کہ آپ بھی اس سلسلے میں اپنے بچوں کی مدد اور راہ نمائی فرمائیں گے اور اس تھیم پر عمل پیرا ہونے میں ہمارے ساتھ تعاون کریں گے۔

ماہِ اکتوبر کی تھیم 'دیانت داری اور سچائی' ہے جس پر کچھ اخلاقی امور آپ کی خدمت میں پیش ہیں جن کی جانب آپ اپنے بچوں کی راہ نمائی کریں تاکہ بچوں میں یہ اخلاقی جوہر پروان چڑھ سکیں۔ امید کرتے ہیں کہ ان اخلاقی اصولوں پر عمل کرنے سے ان کی زندگیوں میں جو مثبت تبدیلیاں رونما ہوں گی، ان سے ہمیں بھی مطلع فرمائیں گے۔

1. بچوں کو اس بات کا احساس دلائیں کہ انھیں ہر وقت اللہ تعالیٰ دیکھ رہے ہیں۔
2. اپنے بچوں کو تلقین کیجیے کہ اسلامی اور معاشرتی حدود میں رہتے ہوئے خود بھی زندگی گزاریں اور دوسروں کو بھی تاکید کریں۔
3. انھیں بتائیے کہ نیکی صرف اللہ کی رضا کے حصول کے لیے کریں۔
4. انھیں اپنے عمل سے بتائیے کہ جو وعدہ کریں اُسے پورا کرنے کی کوشش کی جائے۔
5. وہ بات کہتے کیوں ہو جس پر عمل نہیں کرتے۔ اس آیت کو نمایاں لکھ کر گھر پر آویزاں کیجیے۔
6. اس بات کی مشق کروائیے کہ پنج وقتہ نماز کی ادائیگی مستقل مزاجی سے ہو۔
7. ایسا ماحول پیدا کیجیے کہ بچے جھوٹ کا سہارا نہ لیں۔
8. بار بار یاد دلائیے کہ ہنسی مذاق میں بھی جھوٹ سے اجتناب کرنا چاہیے۔
9. بچوں کو بتائیے کہ فوائد کے حصول کے لیے جھوٹی خوشامد سے گریز کرنا چاہیے۔
10. امتحانات اور ٹیسٹ کے دوران ایمان داری سے کام لیجیے۔
11. انھیں سکھائیے کہ والدین یا سرپرست کو وہ اپنے تمام معاملات سے باخبر رکھیں۔
12. چھوٹے بہن بھائیوں سے سچ بولنے کی تاکید کیجیے۔
13. کھیل کے دوران بھی ایمان داری کا مظاہرہ کیجیے۔
14. سودا سلف لیتے ہوئے ایمان داری کا خیال رکھیے۔
15. بچوں کو احساس دلائیں کہ جھوٹی شکایت سے پرہیز کریں۔

علی حسین۔ شعبہ M&C
عثمان پبلک اسکول سسٹم


- فہم القرآن
- فہم الحدیث
- سیرتِ نبویؐ
- تعلیم و تربیت
- شخصیت
- انٹرویوز
- تعمیرِ شخصیت
- کیریر کونسلنگ
- طب و صحت
- اقبالیات
- گوشۂ عثمانین
- اقدار
- رہنمائے والدین
- سائنس و ٹیکنالوجی
- تعارفِ کتاب
- تاریخ


## القرآن

یہ وہ دن ہے جس میں سچوں کو ان کی سچائی نفع دیتی ہے، ان کے لیے ایسے باغ ہیں جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں ، یہاں وہ ہمیشہ رہیں گے، اللہ ان سے راضی ہوا اور وہ اللہ سے، یہی بڑی کامیابی ہے۔

(سورۃ المائدہ۔ آیت 119)

## الحدیث

آپ ﷺ نے فرمایا
جو شخص دھوکا دے، وہ ہم میں سے نہیں ہے۔

( سنن ابی داؤد۔ 3452)

# دورِ پیمبر ﷺ میں ہم چلے تو کیا کیا دیکھا

خاتم النبیین حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی حیات مبارکہ مسلمانانِ عالم کے لیے مشعل راہ ہے۔ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات ِمبارکہ اخلاقِ حسنہ و سیرتِ طیبہ کے اعتبار سے وہ منور آفتاب ہے، جن کی ہرجھلک میں حسنِ خلق نظر آتا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ پاک میں حضرت عیسیٰؑ کا حلم، حضرت موسیٰؑ کا جوش اور حضرت ایوب کا صبر پایا جاتا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تبلیغِ اسلام کے لیے بستیوں اور بیابانوں میں اللہ کا پیغام پہنچایا، مخالفین کی سنگ زنی وسختیاں سہیں۔ حضرت ابراہیمؑ کی طرح وطن چھوڑا اور ہجرت کی مگر پھر بھی دنیاے انسانیت کو امن و محبت، رحمت اور سلامتی کا پیغام دیا۔ حضرت سلیمانؑ کی طرح اس دنیا میں حکمت کی طرح ڈالی ۔غرض وہ تمام خوبیاں، اوصافِ حمیدہ جو پہلے نبیوں میں پائی جاتی تھیں، وہ سب بدرجۂ کمال حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات میں موجود تھیں۔

نبی ﷺ کی ذاتِ اقدس اور زندگی کے مختلف پہلوؤں سے آگاہ کرنے کے لیے عثمان پبلک اسکول سسٹم کیمپس-1 اور 3 میں سیرت نمائش کا انعقاد کیا گیا جس کا بنیادی مقصد رسول ﷺ کی حیات تا وفات درپیش حالات اور ان مواقع پر کی جانے والی جدوجہد سے آگاہ کرنا تھا تاکہ طلبہ کے محمد ﷺ کے ساتھ تعلق کو مزید مضبوط کیا جاسکے اور ان میں حُب الرسول ﷺ کے جذبے کو مزید اُبھارا جاسکے۔ ماہِ ستمبر کی ابتدا ہی سے طالبات نے اپنے تفویض کردہ پروجیکٹس پر بلند حوصلے، اعلیٰ جذبے اور جوش و ولولے کے ساتھ کام کا آغاز کیا۔ نہ صرف طالبات بلکہ اساتذہ نے بھی پروگرام کی تیاریوں میں بھرپور حصہ لیا۔

سیرت جو کتابوں میں پڑھی جاتی ہے، لکھی جاتی ہے،طالبات اور اساتذہ کی مشترکہ کاوش اور قابلِ ستائش محنت سے ماڈلز اور پوسٹرز کی صورت اس طرح پیش کی گئی کہ جیسے آنکھوں کے سامنے دورِ نبوت کے مختلف واقعات ہوں۔ ایسا ایمان افروز منظر کہ جہاں ہر طرف حیاتِ محمد ﷺ کے مختلف گوشوں کی نمائش کی جارہی ہو، احادیث مبارک دیواروں پر آویزاں ہوں، زبان ذکرِ الٰہی اور درود شریف کے ورد سے تر ہو، اور نعت رسول ﷺ کی روح میں اتر جانے والی خوشگوار آواز سماعت سے ٹکرا رہی ہو تو یقیناً قلب حب الرسول سے دھڑک رہا تھا اور روحانیت میں اضافہ ہورہا تھا۔ پروگرام کا آغاز ربِ ذوالجلال کے بابرکت نام سے کیا گیا۔ طالبات بلکہ اساتذہ نے بھی پروگرام کی تیاریوں میں بھرپور حصہ لیا۔

- ابتدا میں مقام نبوت ﷺ کی جغرافیائی اہمیت کو نہایت ہی عمدہ طریقے سے جماعت ہفتم کی طالبات نے پیش کیا ۔
- جماعت دہم کی طالبہ نے خانہ کعبہ کی تعمیر کو خوب صورت انداز میں ماڈل کی مدد سے پیش کیا۔
- جماعت ششم اور ہفتم کی طالبات نے سورۃ الفیل میں بیان کیے گئے واقعے کو پیش کیا۔ نبی ﷺ کے دور کے مکے کا تعارف پیش کیا گیا۔
- جماعت ہفتم کی طالبات نے نبی ﷺ کے گوشہ تنہائی، غار حرا کو ماڈل کی صورت میں پیش کیا۔
- جماعت ہشتم کی طالبات نے اظہار دعوت سے پہلے قرآنی حکم کا ماڈل پیش کیا ۔
- جماعت ہفتم کی طالبات نے شعب ابی طالب کی گھاٹی کے دردناک مناظر کا نمونہ تیار کیا۔
- جماعت پنجم اور ششم کی طالبات نے مشترکہ کاوش کے ذریعے محمد ﷺ کے ہتھیاروں کی شبیہ تیار کی۔
- نمائش کے اس حصے میں جماعت دہم کی طالبات نے غزوہ ٔبدر کی وادی اور جنگ بدر کا منظر نہایت ہی قابلِ ستائش ماڈل کے ذریعے پیش کیا۔
- اس موقعے پر بارہویں جماعت کی طالبات نے غزوۂ اُحد اور گیارہویں جماعت کی طالبات نےغزوہ ٔاحزاب کے قابل تعریف ماڈلز کے ذریعے نبی کریم ﷺ کی جنگی حکمت عملی کی نمائش کی۔
- قبائل کو بذریعہ خطوط دعوت، جماعت ہشتم کی طالبات نے پیش کیے۔
- جماعت نہم کی طالبات نے صلحِ حدیبیہ اور فتحِ مکہ کے حوالے سے بہترین نمونے پیش کیے۔
- غزوہ ٔحنین کے حوالے سے جماعت دہم کی طالبات نے نہایت عمدہ چارٹز تیار کیے۔
- غزوہ ٔتبوک کی بہترین پیش کش جماعت یاز دہم کی طالبات کی طرف سے تیار کی گئی تھی۔
- آگے جماعت ہشتم کی طالبات کی طرف سے حجتہ الوداع اورجماعت پنجم اور ششم کی طالبات کی طرف سے کھجور کے باغ کے خوب صورت نمونے پیش کیے گئے۔
- بارہویں جماعت کی طالبات نے خاتم النبیین ﷺ، آپ ﷺ کا وصال، معجزاتِ نبوی ﷺ، پر حاضرین کی معلومات میں خاطر خواہ اضافہ کیا۔
- جوامع القلم کی خوب صورت پیش کش جماعت دہم کی طالبہ نے کی اگلی گیلری میں محمد ﷺ کی زندگی کے مختلف پہلوؤں کو نمایاں کیا گیا جہاں جماعت ششم کی طالبات نے آپ ﷺ بحیثیت تاجر، جماعت ہفتم کی طالبات نے نبی ﷺ کے زیر استعمال جانور اور عہد نبوی ﷺ کے کھیل، جب کہ جماعت ہشتم کی طالبات نے مرغوبات نبی ﷺ پیش کیے۔

اختتام پر کوئز کا اہتمام بھی کیا گیا۔اور ایک طرف بک اسٹال ترتیب دے کر ماحول کو مزید پُر رونق بنایا گیا۔ سیرت نمائش میں ہر عمر کی خواتین اور بچیوں نے شرکت کی۔ مہمانِ خصوصی عثمان پبلک اسکول سسٹم کے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر معین الدین نیرصاحب تھے۔ اُن کے ساتھ ڈائریکٹر اکیڈمکس جناب عاصم علی یوسف اور دیگر کیمپسز کی پرنسپلز اور اساتذہ نے بھی دورہ کیا۔ تمام حاضرین ،طالبات اور اساتذہ کی مشترکہ کاوشوں کو خوب سراہا ، جن کی محنتوں اور لگن کی بدولت ایک منفرد قسم کی کامیاب نمائش منعقد ہوئی۔

عثمان پبلک اسکول سسٹم میں یہ اپنی طرز کا ایک منفرد پروگرام رہا جس میں چارٹس ،پراجیکٹس اور ماڈلز کے ذریعے سیرتِ نبوی ﷺ اور دور نبوی ﷺ کا احاطہ کرنے کی کوشش کی گئی جس میں محتاط اور جامع ذرائع سے متعدد تحقیقات کے ذریعے سیرتِ مبارک ﷺ کے دور کی 100 سے زائد جھلکیاں پیش کی گئیں۔اس نمائش نے حاضرین کو مکمل سمعی اور بصری مشاہدات کے ذریعے ِپیغمبر اسلام محمد ﷺ کے دور بابرکت کا دورہ کروایا جس کے ذریعے انھیں زندگی کے ان پہلوؤں اور روایات سے روشناس کروایا گیا جو تاریخی اہمیت کے حامل ہیں۔اس ماحول کو محسوس کرنا جہاں پیغمبر ﷺ نے اپنی مقدس زندگی گزاری اور ماڈلز کے ذریعے ان مقامات کا دورہ کرنا ایمان کو مضبوط کرنے والا تجربہ تھا۔ آخر میں دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ تمام افراد کی کاوشوں کو قبول فرمائے۔ اس کا اجر تمام شرکااور حاضرین کو بڑھا چڑھا کر دے۔ نئی نسل کا سیرت سے درست بنیادوں پر تعلق قائم کرے۔آمین

وہ دانائے سبل ختم الرسل ﷺ مولائے کل جس نے
غبارِ راہ کو بخشا فروغِ وادیِ سینا

لائبہ انصاری، جماعت دہم
کیمپس ۔1


# سیرت نمائش





خانہ کعبہ تعمیر سے پہلے
خانہ کعبہ تعمیر کے بعد


مکے کی جغرافیائی اہمیت


شعب ابی طالب
(معاشرتی مقاطعہ)






Al-Isra wal Mi'raj
Baitul Ma'mur
7th Heaven met Ibrahim (AS)
6th Heaven met Musa (AS)
5th Heaven met Harun (AS)
4th Heaven met Idris (AS)
3rd Heaven met Yusuf (AS)
2nd Heaven met Isa (AS) and Yahya (AS)
1st Heaven met Adam (AS)
The number of daily prayers of 50 were bestowed to Him. Eventually reduced to 5.
MI'RAJ ascend to Heaven when He speaks to Allah SWT.
Prophet Muhammad SAW rode The Buraq His journey. It is a white creature ,smaller than mule and bigger than a donkey. (SAHIH AL- BUKHARD)
1239,42KM Today's flight
duration 1 hour, 52 minutes.
ISRA AND MI'RAJ
refer to two parts of a miraculous journey that Prophet Muhammad SAW took in one night from Makkah to Jerusalem and then an ascension to the heavens. It happened on the 27th Rajab,622 AD.
At al-Aqsa mosque:
(Qur'an 17:1)
واقعہ معراج

# سلسلہ ہم سے پوچھیں؟

## سوال

السلام علیکم۔

میرے دو بچے ہیں جن کی عمریں 11 اور 7 سال ہیں۔ میں اپنے بچوں کی روٹین کا خاص خیال رکھتی ہوں لیکن بچے اکثر کچھ کام نہیں کرنا چاہتے جیسے وقت پر سونا، اسکول سے آکر کپڑے تبدیل کرنا وغیرہ۔ برائے مہربانی کچھ رہنمائی فرمائیں۔ ان عادات کو پختہ ہونے سے کس طرح محفوظ رہا جاسکتا ہے اور اگر مثبت عادات بھی روٹین میں لانی ہوں تو اس کا کیا طریقہ ہونا چاہیے؟

## جواب

وعلیکم السلام۔

اچھی عادات انسان کی شخصیت اور کردار کو بنانے اور نکھارنے کے لیے بے حد اہم ہوتی ہیں۔ بہت سے بڑے اور کامیاب لوگوں کی زندگیوں کا مشاہدہ کرکے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ کچھ مخصوص عادات انسان کی زندگی کا حصہ ضرور ہونی چاہئیں۔ یہ زندگی کو بھر پور اور pro-ductive بنانے میں مثبت کردار ادا کرتی ہیں۔ اچھی عادات نہ صرف ظاہری طور پر زندگی کو بہتر بناتی ہیں بلکہ غیر محسوس انداز میں بھی طرز زندگی پر اثر انداز ہوتی ہیں۔ جب انسان کا تعلق خود اپنے آپ سے بہتر ہوتا ہے تو یہ تبدیلی معاشرے میں بھی نظر آتی ہے۔ گویا اچھی عادات اپنانے سے ہم ایک بہتر معاشرے کی تشکیل میں اپنا کردار ادا کر سکتے ہیں۔ مختلف تحقیقات سے معلوم ہوتا ہے کہ چھوٹی عمر میں جو عادات بچوں میں ڈالی جائیں وہ بڑے ہونے تک مزید پختہ ہو جاتی ہیں ۔ چھوٹے بچوں کو سکھانا بھی نسبتاً آسان ہوتا ہے۔ لہذا بچوں سے متعلق دیگر معاملات کی طرح یہ پہلو بھی والدین کی بھر پور توجہ مانگتا ہے۔

مختلف ریسرچز کے ذریعہ سے جمع کیے گئے چند سے آپ بچوں کو مختلف عادات سکھا سکتی ہیں۔ کچھ عادات چھڑوا سکتی ہیں اور کچھ مزید پختہ کروائی جا سکتی ہیں۔

بچوں سے اس موضوع پر بات کی جائے اور ان کو اس خاص عادت کی اہمیت کے بارے میں بتایا جائے۔

قرآن و حدیث کا حوالہ ، مختلف واقعات اور مثالیں دے کر سمجھایا جا سکتا ہے۔ اس عمل سے بچوں کے اندر کاموں کو سمجھ کر کرنے کا تصور پیدا ہوتا ہے ، دھونس اور زبردستی کا عنصر ختم ہوتا ہے اور پھر زیادہ دل چسپی سے اس کام کو انجام دینے کا شوق پیدا ہوتا ہے۔

ارد گرد کے ماحول کو ایسا بنائیں جو اس عادت کو اپنانے میں معاون ہو۔ والدین اگر بچوں کو کسی کام کی تلقین کر رہے ہیں لیکن خود اس پر عمل نہیں کر رہے تو بچوں کا پھر اس عادت کو اپنانا مشکل ہوتا ہے۔ مثلاً اگر سلام میں پہل کرنے کی عادت ڈالنا چاہتے ہیں تو ضروری ہے کہ والدین بھی ایسا ہی کرتے ہوں۔

اگر کوئی بری عادت ترک کروانا چاہتے ہیں تو اس کے لیے لازم ہے کہ ان کو کوئی مثبت متبادل فراہم کیا جائے۔ ایسا نہ ہونے کی صورت میں اس عادت کو چھوڑنا مزید مشکل ہوجائے گا۔ چوں کہ ان کے پاس اس کے علاوہ کچھ نہیں ہوگا ۔ اگر وقتی طور پر وہ عادت چھوٹ بھی جائے تو اسے برقرار رکھنا مشکل ہو گا۔

عادات چھوڑنے میں وقت لگتا ہے اور اس معاملے میں حقیقت پسندی سے کام لیا جائے تو بہتر ہو گا۔ اول تو کسی بھی عادت کو ایک دم چھوڑنا انتہائی مشکل کام ہے اور اگر چھڑ وا بھی لیا جائے تو اس کو دوبارہ اختیار کرنے کے امکانات بڑھ جاتے ہیں۔ اسکے لیے ضروری ہے کہ آہستہ آہستہ عادت کو کم کروائیں اورپھر اُسے ترک کرنے کی طرف لایا جائے۔اس صورت میں مایوس ہونے کے بجائے ،اگر صبر و تحمل کا مظاہرہ کیا جائے تو بہترین نتائج مل سکتے ہیں۔

تعریف یا سراہنا اس عمل کا ایک اہم حصہ ہے۔ بچوں کو جب سراہا جاتا ہے تو ان کے کام میں کئی گنا بہتری آ جاتی ہے۔ کسی چھوٹے سے چھوٹے عمل پر انھیں محسوس کروایا جائے کہ انھوں نے بہت اچھا کام کیا ہے تو مزید دل جمعی سے کام کریں گے۔ سراہنے کا ایک انداز یہ بھی ہو سکتا ہے کہ کوئی ہاتھ سے بنائی ہوئی چیز انھیں ،تحفے کے طور پر دی جائے جیسے پھول بنا کر وغیرہ بھی دیے جا سکتے shield یا badge ہیں۔ یاد رہے کہ اس معاملے میں لازمی طور پر اعتدال سے کام لیا جائے۔

اس بات کا خاص خیال رکھا جائے کہ آپ کا لہجہ نرم ہو اور کسی بھی موقع پر غصہ یا جھنجلاہٹ کا اظہار نہ کیا جائے۔

اچھی عادات وہ قیمتی اثاثہ ہیں جو انسان کو ایک باوقار اور ذمہ دار شخصیت بنانے، باہمی تعلقات کو مضبوط کرنے اور معاشرے میں مثبت تبدیلی کا سبب بنتی ہیں۔ جہاں انفرادی اور اجتماعی زندگی کو بہتر بنانے کے مختلف پہلوؤں پر بات ہوتی ہے وہاں یہ پہلو بھی نہایت اہمیت کا حامل ہے۔ یاد رکھیے جہاں اچھی عادات نہیں ہوتیں وہاں دوسری عادات ضرور ان کی جگہ لے لیتی ہیں اور اس کے برعکس انسان کی تباہی اور معاشرے کے بگاڑ کا ذریعہ بنتی ہیں۔ امید ہے کہ اس راہ نمائی سے آپ اور دیگر والدین بھی مستفید ہوں گے۔

آمنہ کامران
ڈپٹی مینجر ، مینٹورنگ اینڈ کاؤنسلنگ ڈپارٹمنٹ

## تعلیمی اعلان

پاکستان کے تمام نجی اور سرکاری میڈیکل کالجز میں داخلوں کے لیے داخلہ ٹیسٹ کی تاریخ کا اعلان کردیا گیا۔ پاکستان میڈیکل کمیشن کے مطابق ایم ڈی کیٹ ٹیسٹ ملک بھر میں 13 نومبر کو ہوگا۔

پاکستان میڈیکل کمیشن (پی ایم سی) نے جاری کردہ اعلامیے میں بتایا کہ ملک بھرمیں ایم ڈی کیٹ ٹیسٹ 13 نومبرکو چاروں صوبوں اور اسلام آباد میں پبلک سیکٹر یونیورسٹیز میں ہوگا ۔

**کیا** آپ اپنے بچے کی تربیت اور اس کے اخلاق و کردار کی درستی کے لیے فکر مند ہیں؟

**کیا** آپ کسی مستند کاؤنسلر سے رہنمائی چاہتے ہیں؟

**کیا** آپ چاہتے ہیں کہ آپ بہترین والدین بننے کا اعزاز حصل کریں !!!

## ہم لا رہے ہیں آپ کے لیے۔۔۔

عثمان پبلک اسکول سسٹم کے تربیہ ای میگزین میں ایک ایسا مستقل سلسلہ

# ہم سے پوچھیے

جو آپ کے سوالات کے تسلی بخش جواب دے گا۔

آج ہی اپنے سوالات اس ای میل ایڈریس پر بھیجے۔۔۔

**JOIN OUR GUIDES**

mcd@usman.edu.pk

## *Our very own Usmanians*

You are invited to write your heart out in a special section of

# TARBIYAH E-MAGAZINE

Your writing may contain

Any unforgettable memory of your school..

Any thing which you like the most about UPSS…

Any article with authentic knowledge Related to

career opportunities, different professions and degrees,

Any word of advice for your juniors

Your achievement , Success stories

And much more…

**JOIN OUR GUIDES**

UPSS

*Shaping the leaders of Ummah*

**Department of**
**Mentoring & Counselling**
**Usman Public School System**

E-mail your write ups at
mcd@usman.edu.pk